© rasailojaraid.com

ادبیات

غزل

از
(جناب روشؔ صدیقی)

حرفِ آساں لبِ آشنا نہ ہوا — میں زمانے کا ہم نوا نہ ہوا
بوئے گُل کیوں نہیں گریباں گیر — یہ تو موسم بہار کا نہ ہوا
حادثے کتنے دل پہ گذرے ہیں — کس قیامت کا سامنا نہ ہوا
وہ غمِ دو جہاں کو کیا جانے — جو ترے غم میں مبتلا نہ ہوا
وہمِ امید و یاس باطل ہے — کیا ہوا عاشقی میں کیا نہ ہوا
تجھ سے ہو کر جدا یہ دل اے دوست — پھر کسی حال میں جُدا نہ ہوا
وہ، جو مفہوم تھا محبت کا — جاں نثاری سے بھی ادا نہ ہوا
بندگی ہی میں کچھ کمی ہوگی — بندگی میں اگر بھلا نہ ہوا
چشمِ پُرنم ہے ساغرِ لبریز — رند کیا ہے جو پارسا نہ ہوا
اُس کے وعدے نے بات تو رکھ لی — لاکھ شرمندۂ وفا نہ ہوا
کتنے درماں شناس ملتے ہیں — کیوں کوئی درد آشنا نہ ہوا
ہم نے جادو کیا غزالوں پر — کوئی ہم سا غزل سرا نہ ہوا

حق پرستی کہاں کہ ہم سے روشؔ
ان بتوں کا بھی حق ادا نہ ہوا

© rasailojaraid.com